# 15-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت اس مہینہ کی 28 تاریخ سے بے زمین مزدوروں کو سالانہ 12 ہزار روپے دینے کے وعدہ پرعمل کرے گی۔

۲۔تلنگانہ ریاستی اسمبلی اورکونسل کا سرمائی سیشن کل پھر سے شروع ہوگا۔

۳۔کوئلہ کی کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت عورتوں کے لئے روزگار کے مواقع بڑھانے کے لئے تمام ممکنہ قدم اٹھارہی ہے۔

۴۔تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما اپنے ہریانہ کے ہم منصب بنڈارو دتا تریہ کے ساتھ کل حیدرآباد کے سالار جنگ میوزیم میں ایک بھارت، شرشٹ بھارت کے بارے میں پانچ روزہ تصویری نمائش کا افتتاح کریں گے۔

OO

تلنگانہ میں کل قومی لوک عدالت کے دوران سائبر کرائم کے چار ہزار 800 سے زیادہ متاثرین کو جملہ 33 کروڑ روپیوں سے زیادہ کاری فنڈ حاصل ہوا۔تلنگانہ سائبر سکیورٹی بیورو نے سائبر فراڈ کے متاثرین کو ری فنڈ دلاتے ہوئے ایک اہم میل کا پتھر پار کیا ہے۔ایک سرکاری اعلامیہ میں کہا گیا کہ یہ اب تک لوک عدالتوں میں دیا گیا سب سے بڑا ری فنڈ ہے۔ اِس دوران محکمہ پولیس نے قومی لوک عدالت کے دوران ایک لاکھ 57 ہزار سے زیادہ کیسوں کے تصفیہ میں مدد کی۔ان میں چھوٹے موٹے کیسس سب سے زیادہ ہیں جو تقریباً 57 ہزار ہیں جبکہ موٹروہیکل کیسس 60 ہزار سے زیادہ ہیں۔ایف آئی آر کے کیس 20 ہزار سے زیادہ تھے۔

OO

سنگارینی کو انرجیا فاونڈیشن نے اس سال قومی سطح پر قابل تجدید توانائی اپناتے ہوئے کوئلہ کی کانکنی کے لئے بہترین ادارہ کی حیثیت سے چنا ہے۔یہ باوقار ایوارڈ اس مہینہ کی 20 تاریخ کو وشاکھا پٹنم میں 17 ویں قومی ایوارڈ کی تقریب میں سنگارینی کو پیش کیا جائے گا۔ سنگارینی کے سی ایم ڈی بلرام نے ایوارڈ پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوارڈ سنگارینی کمپنی کی ماحول دوست سرگرمیوں کے اعتراف میں دیا جارہا ہے اوراس جذبہ کے تحت سنگارینی کمپنی آگے بڑھتی رہے گی۔

OO

سی پی آئی قومی عاملہ کے رکن اورسابق رکن اسمبلی چاڈا وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ مرکز کی بی جے پی حکومت دستور کے جذبہ کے خلاف ایک ملک ایک چناؤ کا نظام شروع کرنے کی کوشش کررہی ہے۔منچریال ضلع ہیڈکوارٹر میں سی پی آئی اوراے آئی ٹی سی ضلع عاملہ کمیٹی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے وینکٹ ریڈی نے کہا کہ مرکز ریاستوں کے اختیارات چھیننے کی کوشش کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضروری چیزوں کی قیمتیں آسمان کو چھورہی ہیں اوروزیراعظم نریندر مودی اس پر قابو پانے میں ناکام رہے ہیں۔

○○

تلنگانہ ریاستی اسمبلی اورکونسل کا سرمائی سیشن کل پھر سے شروع ہوگا۔مقننّہ کا یہ سرمائی سیشن اس مہینہ کی 9 تاریخ کوشروع ہوا تھااور تلنگانہ تلی مجسمہ پر وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی کے بیان کے بعد اسے کل تک کے لئے ملتوی کیا گیا تھا۔سیشن دوبارہ شروع ہونے پر امکان ہے کہ دونوں ایوانوں میں الگ الگ مسائل پر حکمراں اور اپوزیشن ارکان کے درمیان کل تبادلے ہوں گے۔کسانوں کے مسائل جیسے دھان کی خریدی، لگی چرلہ واقعہ اوراس سے متعلق مسائل امکان ہے کہ اپوزیشن اِس سیشن کے دوران اٹھائے گی۔امکان ہے کہ حکومت کئی اہم فیصلے کرے گی اور بعض نئے بلز پیش کرے گی جن میں نیا ریکارڈ آف رائٹس بل شامل ہے۔یہ بل موجودہ دھرنی پورٹل کو بھوما تا پورٹل میں تبدیل کرے گا تاکہ زمینوں کے ریکارڈس سے بہتر طور پر نمٹا جاسکے اورولیج ریونیو سسٹم کو بحال کیا جاسکے جسے پچھلی بی آر ایس حکومت نے ختم کردیا تھا۔ریاستی حکومت امکان ہے کہ پنچایت راج قانون، ہائیڈرا اور تقریباً 150 دیہاتوں کو متعلقہ بلدیات میں ضم کرنے کے لئے بعض ترمیمی بلز پیش کرے گی۔

○○

کوئلہ کی کانوں سے متعلق مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج کہا ہے کہ حکومت عورتوں کے لئے روزگار کے مواقع بڑھا کے لئے تمام ممکنہ قدم اٹھا رہا ہے۔سکندرآباد مارکٹ ڈویژن میں عورتوں میں 100 سلائی مشینس تقسیم کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ بینکوں سے کہا گیا ہے کہ وہ مدرا سواندھی یوجنا جیسی اسکیموں کے تحت عورتوں کو قرض دیتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کرے تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے عورتوں کی حوصلہ افزائی کے لئے ڈرون دیدی جیسے خصوصی پروگرام شروع کئے ہیں اور 15 ہزار ڈرون دیدیاں تربیت پوری کرنے کے بعد زراعت کے شعبہ میں اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں۔15 ہزار دیہاتوں میں 15 ہزار ڈرون دیئے گئے ہیں۔

○○

نائب صدر جگدیپ دھنکر اس مہینہ کی 25 تاریخ کو میدک ضلع کے کوڈی پلی منڈل کے گاؤں ٹونیکی کے مضافات میں گرامین وکاس فاونڈیشن اکلویا کرشی وگیان کیندر کا دورہ کریں گے۔کلکٹر راہول بجاج نے اس سلسلہ میں انتظامات کا جائزہ لیا۔

○○

سابق وزیر اور بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ تلنگانہ ریاست کانگریس دور میں تمام محاذوں پر پیچھے جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ نے کے سی آر کے دس سالہ دور میں کافی ترقی کی تھی۔ایکس پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کانگریس دور میں ترقی کے معاملہ میں ریاست کے پیچھے جانے کے لئے ناتجربہ کاری، نااہلی اور کرپشن کو وجہ بتایا۔انہوں نے کہا کہ پانچ پڑوسی ریاستوں نے اس سال ٹرانسپورٹ آمدنی میں 8 سے 32 فیصد کا اضافہ درج کیا ہے جبکہ تلنگانہ نے پچھلے سال کم اضافہ درج کیا۔

○○

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما اپنے ہریانہ کے ہمنصب بنڈارو دتاتریہ کے ساتھ کل حیدرآباد کے سالار جنگ میوزیم میں ایک بھارت، شریشٹ بھارت کے بارے میں پانچ روزہ تصویری نمائش کا افتتاح کریں گے۔ مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات کا سنٹرل بیورو آف کمیونی کیشن ساتھی ریاستوں تلنگانہ اور ہریانہ کے بارے میں نمائش کا اہتمام کررہا ہے۔ اس تصویری نمائش میں دونوں ریاستوں کے فنون، پکوان، تہواروں، تاریخی عمارتوں اور سیاحتی مقامات کو نمایاں کیا جائے گا۔ اس پانچ روزہ نمائش کے دوران فنون، شاعری اور تھیٹر کے شعبہ کے ماہرین خطاب کریں گے۔ جن میں پدم شری ایوارڈ یافتہ محمد علی بیگ، ساہتیہ اکیڈیمی ایوارڈ یافتہ گوریٹی وینکنا، ڈائرکٹر آدھیا کلا پروفیسر جیادھیر ترو ملاراؤ شامل ہیں۔ یہ نمائش اس مہینہ کی 20 تاریخ تک عوام کے لئے کھلی رہے گی۔

○○

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت اس مہینہ کی 28 تاریخ سے بے زمین غریب مزدوروں کو سالانہ 12 ہزار روپے کے وعدہ پر عمل کرے گی۔ کھمم میں آج صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بھٹی وکرامارکہ نے اعلان کیا کہ کانگریس کے یوم تاسیس 28 دسمبر کو غریب مزدوروں کو 6 ہزار روپے کی پہلی قسط دی جائے گی۔ انہوں نے یہ بات دہرائی کہ کسانوں کو سنکرانتی سے رعیّتو بھروسہ کی رقم دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ریاست بھر میں صنعتوں کو پھیلانے کے لئے کوتہ گوڑم، راما گنڈم، عادل آباد اور ورنگل میں ایرپورٹس تعمیر کرے گی۔

○○

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ پریاگ راج میں 13 جنوری سے 26 فروری تک مہا گنگا کمبھ میلہ کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ کشن ریڈی نے آج حیدرآباد میں کہا کہ اس کمبھ میلہ میں امکان ہے کہ تقریباً 3 کروڑ لوگ شرکت کریں گے۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ہندوستان کے پہلے نائب وزیراعظم اور مردِ آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ان کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے جوبلی ہلز حیدرآباد میں اپنی رہائش گاہ پر سردار پٹیل کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے۔ ریاستی وزیروں پنگولیٹی سرینواس ریڈی اور کونڈا سریکھا نے بھی سردار پٹیل کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

○○

تلنگانہ حکومت کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا نے آج جگتیال ضلع میں تلنگانہ تلی کے پارٹی کے نمونے کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ بی آر ایس پارٹی کی طرف سے نصب کئے جانے والا مجسمہ 22 فٹ لمبا ہوگا۔ کویتا نے کہا کہ ان کی پارٹی پورے تلنگانہ کے ہر گاؤں میں تلنگانہ تلی مجسمے نصب کرنے کی پابند ہے۔ انہوں نے یہ بات صاف کی کہ چاہے کتنے بھی کیس درج کئے جائیں یا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کئے جائیں ان کی پارٹی کو اس سے روکا نہیں جاسکتا۔ اس سے پہلے چیف سکریٹری نے خبردار کیا کہ جو بھی تلنگانہ تلی کی تصویر سے چھیڑ چھاڑ کرے گا یا نامناسب تبصرے کرے گا اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

○○

سمگرا اشکشا ابھیان کے ملازمین کا احتجاج چھٹویں دن میں داخل ہوگیا ہے جو اپنی ملازمت میں سیکورٹی کا مطالبہ کرر ہے ہیں۔ملازمین اپنے ارکانِ خاندان کے ساتھ آج منچر یال ضلع کلکٹر کے سامنے گھٹنوں پر بیٹھ کر دھرنا دیا۔سرواشکشا ابھیان کے ملازمین نے نرمل ضلع ہیڈکوارٹر میں آنکھوں پر پٹیاں باندھ کر احتجاج کیا اور مطالبہ کیا کہ انہیں محکمہ تعلیم میں ضم کیا جائے۔

○○

جنوبی مشرقی خلیج بنگال میں اگلے 12 گھنٹوں میں ہوا کے دباؤ میں کمی کا علاقہ بن سکتا ہے۔اس کے اثر میں 17 سے 19 تاریخ تک آندھراپردیش اور رائل سیما میں کہیں کہیں بارش ہوسکتی ہے اور تلنگانہ میں ابرآلود موسم رہ سکتا ہے۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ اس کے اثر سے دونوں ریاستوں میں سردی کی شدت میں کمی ہوگی۔